# Solve Past Paper Transaction of Holly Quran Spring 2022
## By Aryan Ashraf = 03114030609

**مندرجہ ذیل آیات مبارکہ کا اردو میں ترجمہ کریں۔**

**1.** مردوں کا حصہ ہے اس میں جو مال والدین اور قریبی رشتہ دار چھوڑ جائیں، اور عورتوں کا بھی حصہ ہے اس میں جو والدین اور قریبی رشتہ دار چھوڑ جائیں، خواہ وہ مال تھوڑا ہو یا زیادہ۔ (یہ حصہ) مقررہ ہے۔

**2.** اے ایمان والو! نماز کے قریب نہ جاؤ جب تم نشے میں ہو یہاں تک کہ تم جانو جو تم کہہ رہے ہو، اور نہ (قریب جاؤ) جنبی حالت میں جب تک کہ غسل نہ کر لو، سوائے اس کے کہ راستے سے گزرتے ہو۔

**3.** اے ایمان والو! جب تم نماز کے لیے کھڑے ہو تو اپنے چہروں اور ہاتھوں کو کہنیوں تک دھوؤ، اور اپنے سروں کا مسح کرو اور اپنے پاؤں ٹخنوں تک دھوؤ، اور اگر تم جنبی ہو تو خوب پاک ہو جاؤ۔

**4.** اور محصنات میں سے وہ عورتیں حرام ہیں مگر جو تمہاری ملکیت میں آئیں (یہ) اللہ کا لکھا ہوا حکم ہے۔ اور اس کے سوا جو کچھ تمہیں حلال کیا گیا ہے، اسے طلب کرو اپنے مال کے ذریعے سے کہ تم پاک دامنی چاہتے ہو نہ کہ شہوت رانی۔

**5.** اور اللہ چاہتا ہے کہ تم پر مہربانی کرے اور جو لوگ خواہشات کی پیروی کرتے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ تم راستے سے بہت دور جا پڑو۔

**6.** جس نے رسول کی اطاعت کی، بیشک اس نے اللہ کی اطاعت کی، اور جس نے روگردانی کی تو ہم نے آپ کو ان پر محافظ بنا کر نہیں بھیجا۔

**7.** بے شک جو لوگ یتیموں کا مال ظلم سے کھاتے ہیں، وہ اپنے پیٹ میں آگ بھرتے ہیں، اور عنقریب وہ بھڑکتی ہوئی آگ میں داخل ہوں گے۔

**8.** اور اللہ تمہارے دشمنوں کو خوب جانتا ہے، اور اللہ ہی کافی ہے سرپرست اور اللہ ہی کافی ہے مددگار۔

**9.** مرد، عورتوں کے نگہبان ہیں، اس سبب سے کہ اللہ نے ان میں سے ایک کو دوسرے پر فضیلت دی اور اس سبب سے کہ انہوں نے اپنے مال خرچ کیے۔

**10.** اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور اسی سے اس کی بیوی کو پیدا کیا اور ان دونوں سے بہت سے مرد اور عورتیں پھیلائیں، اور اللہ سے ڈرو جس کے نام پر تم ایک دوسرے سے سوال کرتے ہو اور (قطع رحمی سے بچو)۔

**"دین" کے ساتھ (دس) ضمائر متصلہ لگا ئیں اور ان کے معانی بتائیں۔**

1. **دینی** - میرا دین

2. **دینک** - تیرا دین

3. **دینہ** - اس کا دین (مذکر)

4. **دینہا** - اس کا دین (مؤنث)

5. **دیننا** - ہمارا دین

6. **دینکم** - تمہارا دین (جمع مذکر)

7. **دینکن** - تمہارا دین (جمع مؤنث)

8. **دینہم** - ان کا دین (جمع مذکر)

9. **دینہن** - ان کا دین (جمع مؤنث)

10. **دینکما** - تم دونوں کا دین

**مندرجہ ذیل قرآنی الفاظ کے اردو میں معانی لکھیں۔**

1. **سموات** - آسمان

2. **یوصیکم** - وصیت کرتا ہے

3. **رجال** - مرد

4. **أمهات** - مائیں

5. **بنات** - بیٹیاں

6. **ملیکة** - بادشاہی

7. **سبیل** - راستہ

8. **ملک** - بادشاہ

9. **قاجر** - کھجور

10. **الحمد** - تعریف

11. **السفهاء** - نادان

12. **قولا سدیدا** - درست بات

13. **شعیر** - جو

14. **بنت** - بیٹی

15. **أقرب** - قریب ترین

16. **لکم** - تمہارے لیے

17. **علیم** - جاننے والا

18. **أخت** - بہن

**مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے واحد کی جمع لکھیں۔**

1. **سنموت** - سنموت
2. **موات** - موت
3. **اولاد** - ولد
4. **آیات** - آیة
5. **أيدِي** - يد
6. **رَسُلٌ** - رسول
7. **كتب** - كتاب
8. **غَافِلُونَ** - غافل
9. **شَيَاطِين** - شيطان
10. **يَسْمَعُونَ** - يسمع
11. **يُفْسِدُونَ** - يفسد
12. **بيوت** - بيت
13. **ابواب** - باب
14. **محسنين** - محسن
15. **شركاء** - شریک
16. **اعمال** - عمل
17. **مؤمِنُونَ** - مؤمِنٌ
18. **أسماء** - اسم
19. **اصحاب** - صاحب
20. **ضاجب** - ضاجب

**آیات کو ان کے ترجمے سے لکیر کے ذریعے ملائیں۔**

**1.** حرمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ والدم ولحم الجنزير وما أهل الغير الله به - تم پر مردار حرام کر دیا گیا ہے اور خون اور سور کا گوشت اور وہ جس پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام پکارا گیا ہو۔

2. اليوم أحل لكم الطيب وطعام الذين أوتوا الكتب جل لكم وطَعَائكم حل لهم - آج تمہارے لئے پاکیزہ چیزیں حلال کر دی گئیں، اور ان لوگوں کا ذبیحہ (بھی) جنہیں الہامی کتاب دی گئی تمہارے لئے حلال ہے اور تمہارا ذبیحہ ان کے لئے حلال ہے۔

3. وهو الله في السموات وفي الأرض. يعلم مركُمْ وَجَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُونَ - اور آسمانوں میں اور زمین میں وہی اللہ ہی (معبود برحق) ہے، جو تمہاری پوشیدہ اور تمہاری ظاہر (سب باتوں) کو جانتا ہے اور جو کچھ تم کمارہے ہو وہ (اسے بھی جانتا ہے۔

4. من إني أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ يوم عظيم - فرمادیجئے کہ بیشک میں (تو) بڑے عذاب کے ان سے ڈرتا ہوں، اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں۔

5. قل سيروا في الأرض ثم انظروا كيف كان عقبة المكذبين - فرمادیجئے کہ تم زمین پر چلو پھرو، پھر (نگاہ عبرت سے) دیکھو کہ (حق کو جھٹلانے والوں کا انجام کیسا ہوا۔